قومی احتساب بیورو

(اسلام آباد)

****

Dated: 15th July, 2026

# پریس ریلیز

## معاشی شفافیت کے لیے نیب اور سی سی پی کے سربراہان کی ملاقات

آج اسلام آباد میں مسابقتی کمیشن آف پاکستان (CCP) کے چیئرمین، جناب فرید احمد تارڑ نے نیب ہیڈ کوارٹر میں نیب کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کا مقصد دونوں اداروں کے درمیان تعاون کو بڑھانا تھا تاکہ ملک میں معاشی نظم وضبط قائم رکھا جاسکے، منڈیوں میں منصفانہ کاروبار کو یقینی بنایا جاسکے، اور قومی خزانے کو کرپشن اور غیر قانونی کاروباری سرگرمیوں سے محفوظ رکھا جاسکے۔

چیئرمین سی سی پی، جناب فرید احمد تارڑ نے نیب چیئرمین کو اپنے کمیشن کے مقاصد کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ سی سی پی کا کام ہر قسم کی تجارتی سرگرمیوں میں شفاف مقابلے کو یقینی بنانا ہے، تاکہ صارفین کو دھوکہ دہی، مارکیٹ میں اجارہ داری اور غیر قانونی معاہدوں سے بچایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ منڈی میں سب کے لیے یکساں مواقع فراہم کرنا پائیدار معاشی ترقی اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھانے کے لیے ضروری ہے۔

چیئرمین نیب، لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے سی سی پی کے کام کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشی شفافیت کے لیے سی سی پی کا کردار انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ نیب، سی سی پی کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا تاکہ منڈیوں میں موجود غیر قانونی طریقوں کا خاتمہ کیا جاسکے۔

دونوں سربراہان نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ملک میں احتساب اور ریگولیٹری نظام کو مضبوط بنانے کے لیے آپس میں رابطے جاری رکھے جائیں گے۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں اداروں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ کرپشن کے خاتمے اور منصفانہ معاشی مقابلے کے فروغ کے لیے مل کر کام کرتے رہیں گے تاکہ ملک کی طویل مدتی ترقی کو یقینی بنایا جاسکے۔